سوال

(133) خطبہ جمعہ اور نماز کا الگ الگ امام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر خطیب جمعہ کا خطبہ دے اور دوسرا امام نماز پڑھائے تو کیا یہ عمل جائز ہے۔ (گلزار احمد سلفی، بھکر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کا معمول تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ خطبہ بھی خود ہی دیتے تھے اور نماز بھی خود ہی پڑھاتے تھے لیکن اگر کسی وقت ایک آدمی نے خطبہ دیا اور دوسرے نے جماعت کروادی تو نماز ادا ہو جائے گی۔ نماز نہ ہونے کی کوئی دلیل معلوم نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصلوٰۃ، صفحہ: 176

محدث فتویٰ